سیکھنے سکھانے کے حلقوں کا **جدول**

# علمائے کرام کے 3 حقوق

11 ستمبر 2025



# سیکھنے سِکھانے کے حلقوں کا جدول

(1): مختلف مَوضوعات پر مختصر بیان: 5 منٹ (2): دُعا یاد کرنا: 5 منٹ (3): فکرِ مدینہ: 5 منٹ۔ کُل دورانیہ: 15 منٹ

آج کے سیکھنے سکھانے کے حلقوں میں **علمائے کرام کے 3 حقوق** کے عنوان پر مفید ترین معلومات دی جائیں گی اور **بیت الخلاء سے باہر آنے کے بعد کی دعا** یاد کروائی جائے گی۔ آخر میں نیک اعمال کے رسالے سے اجتماعی جائزہ لیا جائے گا۔ اِنْ شَآءَ اللہُ الْکَرِیْم!

## دُرُود شریف کی فضیلت

**فرمانِ آخری نبی، رسولِ ہاشمی صلی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم:** جو مجھ پر روزِ جمعہ دُرُودِ پاک پڑھے گا، میں اس کی قیامت کے دن شفاعت کروں گا۔[1]

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللہُ عَلٰی مُحَمَّد

## علمائے کرام کے 3 حقوق

### آیتِ مبارکہ

| قُلْ هَلْ یَسْتَوِی الَّذِیْنَ یَعْلَمُوْنَ وَ الَّذِیْنَ لَا یَعْلَمُوْنَ ؕ (پارہ: 23، الزمر: 9) | ترجمۂ کنزالعرفان: تم فرماؤ: کیا علم والے اور بے علم برابر ہیں؟ |
|---|---|

یعنی غیر عالِم کسی طرح عالِمِ دِین کے مرتبہ کو نہیں پہنچتا۔[2] ❁ عالِمِ دین کی فضیلت عَابِد پر ایسی ہے جیسی چودھویں رات کے چاند کی تمام ستاروں پر[3] ❁ قیامت کے دن عُلَمائے دین کے قلموں کی سیاہی اور شہدا کا خون تولا جائے گا تو سیاہی خون پر غالب آئے گی[4] ❁ عُلَمائے دِین انبیا کے وارث ہیں[5]

---

1 ...جمع الجوامع، جلد: 7، صفحہ: 199، حدیث: 22352۔
2 ...فیضان علم و علما، صفحہ: 11 بتغیر قلیل۔
3 ...ابنِ ماجہ، باب فضل العلماء والحث علی طلب العلم، صفحہ: 49، حدیث: 223۔
4 ...تاریخ بغداد، محمد بن حسن، جلد: 2، صفحہ: 190، حدیث: 618۔
5 ...ابنِ ماجہ، باب فضل العلماء والحث علی طلب العلم، صفحہ: 49، حدیث: 223۔

❁ قیامت کے دن عُلَمائے دین شفاعت کریں گے۔[1]

## فرمانِ مصطفےٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم

جو ہمارے علما کا حق نہ جانے، وہ ہم میں سے نہیں (یعنی ہمارے طریقے پر نہیں)۔[2]

## علمائے کرام کے 3 حقوق

**پیارے اسلامی بھائیو!** علمائے کرام کے ہم پر بہت سے حقوق ہیں، جن میں سے 3 ہم آج سیکھیں گے۔

### پہلا حق : تعظیم اور احترام کرنا

**وضاحت:** رسولِ اکرم، نورِ مجسم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: عُلَما کی تعظیم کرو...! کیونکہ عُلَما انبیائے کرام عَلَیۡہِمُ السَّلَام کے وارث ہیں، جس نے عُلَما کا اِکرام (عزت واحترام) کیا اس نے اللہ اور اس کے رسول کا اکرام کیا۔[3] اعلیٰ حضرت رَحمۃُ اللّٰہِ عَلَیۡہ فرماتے ہیں: عالِمِ دین، سُنّی، صحیح العقیدہ کہ لوگوں کو حق کی طرف بلائے اور حق کی بات بتائے محمد رسول اللہ صلی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم کا نائب ہے، اس کی تحقیر مَعَاذَ اللہ! محمد رسول اللہ صلی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم کی توہین ہے اور محمد رسول اللہ صلی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم کی جناب میں گستاخی اللہ پاک کی لعنت اور دردناک عذاب کا سبب ہے۔[4] ❁ اگر عالِم کو اس لئے بُرا کہتا ہے کہ وہ عالِم ہے، جب تو صریح کافِر ہے (کہ یہ عالِم کو نہیں بلکہ عِلْمِ دِین کو بُرا جان رہا ہے اور عِلْمِ دین کیا ہے؟ قرآن وسُنّت کا عِلْم) ❁ عالِمِ دِین کی بطور عالِمِ دِین توہین نہیں کرتا بلکہ عِلْمِ دِین کے سبب اس کی تعظیم فرض جانتا ہے مگر اپنی کسی دُنیوی دُشمنی کے سبب عالِمِ دِین کو گالی دیتا، اس کی توہین کرتا ہے تو سخت فَاسِق و فاجِر ہے ❁ اور اگر بلاوجہ عالِمِ دین سے بُغض رکھتا ہے تو مَرِیْضُ الْقَلْبِ وَ خَبِیْثُ الْبَاطِن (یعنی دل کا مریض اور خبیث باطن والا) ہے۔ بزرگانِ دین فرماتے ہیں: مَنْ اَبْغَضَ عَالِمًا مِّنْ

---

1 ... شعب الایمان، باب فی طلب العلم، جلد:2، صفحہ:268، حدیث:1717، ماخوذاً۔

2 ... الجامع الصغیر، حدیث:7694۔

3 ... الجامع الصغیر، حدیث:1428۔

4 ... فتاویٰ رضویہ، جلد:23، صفحہ:649۔

غَیْرِ سَبَبٍ ظَاهِرٍ خِیْفَ عَلَیْہِ الْکُفْر یعنی جو بِلا کسی ظاہِری وجہ کے عالمِ دین سے بُغض رکھے، اُس پر کُفر کا خوف ہے۔[1] ❁ عوام کو عُلَمائے دین سے بد ظن کرنا بہت سخت گناہ ہے۔[2]

**تعظیمِ عُلَما کی مثالیں:** ❁ عُلَمائے کِرام سے آگے نہ چلنا ❁ انتہائی ادب واِحترام سے گفتگو کرنا، بد تمیزی سے بچنا ❁ عُلَمائے کِرام کی گفتگو نہ کاٹنا ❁ مسئلہ پوچھنے میں مناسب وقت اور بہتر الفاظ کا لحاظ رکھنا ❁ ان کی نصیحتوں کو قبول کرنا ❁ ان کی خدمت کرنا ❁ ان کے خلاف دل میں کوئی بات نہ لانا ❁ ان کے لئے اچھے الفاظ استعمال کرنا وغیرہ۔

## دوسرا حق: عُلَمائے کِرام کی طرف رجوع کرنا

**وضاحت:** ہم پرلازِم ہے کہ دینی مسائل و معاملات میں عُلَمائے کِرام کی بارگاہ میں حاضر ہوں اور ان سے مسائل سیکھیں، اللہ پاک فرماتا ہے:

| | |
|---|---|
| فَسْـَٔلُوْۤا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۴۳﴾ (پارہ:14، سورۃُ النحل:43) | ترجمۂ کنزالعرفان: اے لوگو! اگر تم نہیں جانتے تو علم والوں سے پوچھو۔ |

مَعلوم ہوا: جس مسئلے کا عِلم نہ ہو اس کے بارے میں عُلَمائے کِرام کی طرف رجوع کرنا ضروری ہے، لہٰذا کوئی بھی مسئلہ پیش آئے یا کوئی وسوسہ دل میں کھٹکے، سُنّی صحیح العقیدہ عالِمِ دِین سے اس کے بارے پوچھ لیا جائے۔

**نوٹ:** اپنے مسائل کے حل کے لئے **دار الافتاء اہلسنت** سے رابطہ کیجئے!

## تیسرا حق: عُلَمائے کِرام کی اِطاعت کرنا

**وضاحت:** اللہ پاک فرماتا ہے:

| | |
|---|---|
| یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اَطِیْعُوا اللّٰهَ وَ اَطِیْعُوا | ترجمۂ کنزالعرفان: اے ایمان والو! اللہ کی اطاعت کرو |

1 ... فتاوی رضویہ، جلد:21، صفحہ:129 بتغیر قلیل۔
2 ... فتاوی امجدیہ، جلد:4، صفحہ:515۔

| | |
|---|---|
| الرَّسُوۡلَ وَ اُولِی الۡاَمۡرِ مِنۡکُمۡ ۚ (پارہ:5، سورۃ النساء، 59) | اور رسول کی اطاعت کرو اور ان کی جو تم میں سے حکومت والے ہیں۔ |

یہاں **اُولِی الۡاَمۡرِ** سے مراد عُلَمائے کِرام ہیں۔[1] جیسے نبیِ دوعالَم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کی اِطاعت اللہ پاک کی اطاعت ہے، ایسے ہی عَالِمِ دین کی فرمانبرداری رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کی فرمانبرداری ہے۔[2]

## دوہرائی

آج ہم نے عُلَمائے کِرام کے 3 حقوق سیکھے، ذہن میں بٹھا لیجئے! (1): عُلَمائے کِرام کی تعظیم اور احترام کرنا (2): ان کی طرف رجوع کرنا (3): ان کی اطاعت کرنا۔

## سیکھنے سِکھانے کے حلقوں میں یاد کروائی جانے والی دعا

### بیتُ الخلا سے باہر آنے کے بعد کی دُعا

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ الَّذِیۡۤ اَذۡھَبَ عَنِّی الۡاَذٰی وَعَافَانِیۡ

**ترجمہ:** اللہ پاک کا شکر ہے جس نے مجھ سے اذیت دور کی اور مجھے عافیت دی۔[3]

## اجتماعی جائزے کا طریقہ (72 نیک اعمال)

### یومیہ 56 نیک اعمال:

(1): اچھی اچھی نیتیں کیں؟ (2): پانچوں نمازیں باجماعت ادا کیں؟ (3): ہر نماز سے قبل نماز کی دعوت دی؟ (4): رات میں سُورَۃُ الْمُلک پڑھ یا سن لی؟ (5): ہر نماز کے بعد آیۃُ الکرسی، تسبیحِ فاطمہ، سُورَۃُ الْاِخلاص پڑھی؟ (6): کنزُالایمان سے 3 آیات یا صِراطُ الجنان سے 2 صفحات مع ترجمہ و تفسیر پڑھ یا سن لئے؟ (7): شجرے کے اوراد پڑھے؟ (8): 313 بار

---

1 ... فتاویٰ رضویہ، جلد: 6، صفحہ: 517۔

2 ... نور العرفان، پارہ: 5، سورۃُ النساء، تحت الآیت: 59، صفحہ: 138۔

3 ... مدنی پنج سورہ: صفحہ: 204۔

دُرُود شریف پڑھے ؟(9): آنکھوں کو گناہوں سے بچایا؟(10):کانوں کو گناہوں سے بچایا؟(11): فضول نظری سے بچتے ہوئے نگاہیں نیچی رکھیں ؟(12): 12 منٹ مکتبۃ المدینہ کی اصلاحی کتاب پڑھی ؟(13): اذان و اقامت کا جواب دیا؟ (14): غصے کا علاج کیا؟(15): اپنا جائزہ کیا؟(16): اپنے نگران کی اطاعت کی ؟(17): آپ اور جی کہہ کر بات کی ؟ (18): مدرسۃ المدینہ بالغان میں پڑھا، یا پڑھایا؟(19): عشاء کی جماعت سے دو گھنٹے میں گھر پہنچ گئے ؟(20): 2 گھنٹے دینی کاموں پر صَرف کئے ؟(21): فجر کے لئے جگایا؟(22): دوسروں کے گھروں میں جھانکنے سے بچے ؟(23): گھر درس ہوا؟ (24): مسجد درس دیا یا سُنا؟(25): سنّت کے مُطابِق لباس پہنا؟(26): زلفیں رکھنے کی سنّت پر عمل ہے ؟(27): ایک مشت داڑھی ہے ؟(28): گناہ ہونے کی صورت میں فوراً توبہ کی ؟(29): سنّت کے مُطابِق کھانا کھایا؟(30): مسلمانوں کو سلام کیا؟ (31): کچھ نہ کچھ سنتوں پر عمل کیا؟(32): ظہر کی سنتِ قبلیہ فرض سے پہلے ادا کیں ؟(33): تَہَجُّد یا صلوٰۃُ اللیل پڑھی ؟ (34): اَوّابِین یا اِشْراق وچاشت پڑھیں ؟(35): عصر یا عشا کی سنتِ قبلیہ پڑھیں ؟(36): 12 دینی کاموں میں سے ایک دینی کام کی ترغیب دلائی ؟(37): دوسروں سے مانگ کر چیزیں تو استعمال نہیں کیں ؟(38): جھوٹ، غیبت اور چغلی سے بچے ؟(39): کچھ نہ کچھ وقت مَدَنی چینل دیکھا؟(40): ذاتی دوستی تو نہیں کی ؟(41): وقت پر قرض ادا کر دیا؟(42): عاجزی کے ایسے الفاظ تو نہیں بولے جن کی تائید دل نہ کرے ؟(43): صفائی اور سلیقے کا خیال رکھا؟(44): مسلمانوں کے عُیُوب کی پردہ پوشی کی ؟(45): بعدِ فجر تفسیر سننے / سنانے کے حلقے میں شرکت کی ؟(46): کچھ نہ کچھ جائز کام سے پہلے بِسْمِ اللّٰہ پڑھی ؟ (47): چوک درس دیا یا سنا؟ (48): والدین اور پیر و مرشد کو ایصالِ ثواب کیا؟ (49): اِسْراف سے بچے ؟ (50): ٹریفک قوانین کی پابندی کی ؟(51): تنظیمی طریقہ کار کے مُطابِق مسئلہ حل کیا؟(52): زبان کے گناہوں سے بچے ؟ (53): فضول باتوں سے بچے ؟(54): مذاق مسخری، طنز، دل آزاری اور قہقہہ لگانے سے بچے ؟(55): عمامہ شریف باندھا؟ (56): ماں باپ کا اَدَب کیا؟

## قفلِ مدینہ کارکردگی

❁ لکھ کر گفتگو 12 مرتبہ ❁ اشارے سے گفتگو 12 مرتبہ ❁ نگاہیں گاڑے بغیر گفتگو 12 مرتبہ۔

## ہفتہ وار 9 نیک اعمال

(57):اسلامی بہنوں کے ہفتہ وار اجتماع میں کسی نہ کسی اسلامی بہن کو گھر سے بھیجا؟(58):ہفتہ وار مَدَنی مُذاکَرہ دیکھا یاسنا؟(59):ہفتہ وار اجتماع میں اوّل تا آخر شرکت ہوئی؟(60):یومِ تعطیل اِعْتِکَاف کیا؟(61):مریض یا دکھیارے کی عیادت یا غم خواری اور کسی کے انتقال پر تعزیت کی؟(62):ہفتے میں کسی بھی دن روزہ رکھا؟(63):ہفتہ وار رسالہ پڑھا یاسنا؟(64):علاقائی دورہ کیا؟(65):پہلے آنے والے اور اب نہ آنے والے اسلامی بھائی کو دینی ماحول سے وابستہ کیا؟